بسم اللہ الرحمن الرحیم
رسائل نعیمیہ
حضرت حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ
کے اہم مختلف رسائل اور چھوٹی کتب کا مجموعہ
ضیاء القرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ
لاہور

حضرت حکیم الامت مفتی احمد یار خاں نعیمی علیہ رحمۃ اللہ تعالیٰ

کے آٹھ مختلف رسائل اور چھوٹی کتب کا مجموعہ

صاحبزادہ اقتدار احمد خاں نعیمی قادری بدایونی مالک نعیمی کتب خانہ گجرات

فہرستِ رسائل

اس پاک مٹی نے اگرچہ اس میں زندگی بخشی اور آواز پیدا کر دی۔ مگر اس آواز سے لوگ گمراہ ہوئے۔ کوئی اللہ کا بندہ وہ مٹی کھاتا تو لاکھوں کو ہدایت دیتا۔ قرآن و علم طبیب و اعلیٰ ہیں۔ مگر بے دین عالم سامری کا بچھڑا ہے۔ کہ علم پڑھ کر جو بولتا ہے۔ اس سے لوگ گمراہ ہی ہوتے ہیں۔

قبر و دفن

س۔ میت کو دفن کرنا کوّے کا فعل ہے۔ مسلمانوں نے کوے کی شاگردی کر کے دفن کرنا سیکھا ہے۔ میت کا جلانا اچھا ہے۔ زمین گھرتی ہے اور میت کا جسم خراب ہوتا ہے۔ دو گز زمین میں لاکھوں ہندو جل جاتے ہیں۔ مگر مسلمان اکیلا قیامت تک اس پر قابض رہتا ہے

ج۔ مردے کو جلانا فطرت کے خلاف ہے۔ دفن ہی فطرت کے مطابق ہے کیونکہ انسان مٹی کا ہے۔ آگ پانی ہوا تو مٹی کو خمیر کرنے کے لئے اس میں ایسی شامل کی گئی ہے جیسے آٹے میں پانی آگ۔ اسی لئے اسے آدمی کہتے ہیں۔ یعنی مٹی کی چیز۔ پھر انسان کا کھانا پینا لباس مٹی ہی سے ہے۔ تو چاہیئے کہ خود بھی بعد موت مٹی میں ہی رہے مسلمان بنیاد والی دیوار ہے۔ کیونکہ اس کے زندے زمین کے اوپر اور مردے زمین کے نیچے ہیں۔ ہندو بے بنیاد دیوار کہ اس کے مردے زندے دونوں زمین کے اوپر ہی ہیں۔ لہذا مسلمان مضبوط ہے مشرک کمزور۔ دفن ہی کیا بہت سے کام انسان نے حیوانات سے سیکھے ہیں۔ چنانچہ ہر پتش ایک بیل سے سیکھا۔ کہ ایک دھوبی کو استسقا تھا۔ اتفاقاً دو بیل آپس میں لڑے ایک نے بھاگتے ہوئے